سوال

عورت اگراپنے خاوند سے کہے میں تمہاری بیوی نہیں تواس کا حکم کیا ہوگا ؟

جواب

ہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے ، اور دورو وسلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعدازاں :

عورت کااپنے خاوند سے کہنا میں تمہاری بیوی نہیں اس سے کچھ بھی نہیں ہوگا کیونکہ بیوی اپنے خاوند کو طلاق دینے کا اختیار نہیں رکھتی ، طلاق توخاوند کے ہاتھ میں ہوتی ہے ۔

اوراگر خاوند نے اپنی بیوی کوکہا : تم میری بیوی نہیں تو یہ طلاق کے کنایہ والے الفاظ میں شامل ہوگا ، جیسے کہ سوال نمبر (100997) کے جواب میں بیان ہوچکا ہے ۔

بیوی کوچاہیے کہ وہ اس طرح کے الفاظ استعمال کرنے سے اجتناب کرے ، کیونکہ ہوسکتا ہے خاوندان الفاظ سے غصہ میں آجائے اوروہ بھی اسے اسی جیسے الفاظ کہہ دے اور بیوی کے کلام کی تاکید کرتے ہوئے کہے : جی ہاں ، تم میری بیوی نہیں ہو! یا اس طرح کے اورالفاظ کہہ دے ۔

میاں بیوی کے جھگڑوں کو محبت و مودت کی فضا میں طرفین کے حقوق کا خیال کرتے ہوئے حل کرنا چاہیے ۔

اللہ تعالی سب کوایسے عمل کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جواللہ تعالی پسند فرماتا اورجن سے راضی ہوتا ہے ۔

واللہ اعلم

الاسلام سوال وجواب

115211